Roll No:________________ Name:______________________________ Section:____________________

اردو — اطلاقی گرامر: مصدر — جماعت: چہارم

پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ وہ کلمہ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا زمانے کے تعلق کے بغیر ظاہر ہو اور اس سے اسم اور فعل بنائے جائیں مصدر کہلاتا ہے۔ اردو میں اس کی علامت "نا" ہے۔

مثلاً: آنا، جانا، کھانا، پینا، سونا، پڑھنا، رونا، بھاگنا اور نام کرنا وغیرہ

مصدر سے اسم بنانے کا طریقہ: آخر سے "نا" ہٹا کر مختلف حروف (مثلاً: وٹ، ہٹ، ائی، ؤ وغیرہ) بڑھانا۔

مثلاً: ملانا سے ملاوٹ، گھبرانا سے گھبراہٹ، پڑھنا سے پڑھائی، لگانا سے لگاؤ وغیرہ

مصدر سے فعل بنانے کا طریقہ: آخر سے "نا" ہٹا کر ا، ی، ے، تا تھا، رہے تھے، تی ہے، ے گا، یں گے وغیرہ بڑھانا۔

مثلاً: لکھنا سے لکھا، لکھی، لکھے، لکھتا تھا، لکھ رہے تھے، لکھتی ہے، لکھ رہا ہے، لکھ رہے ہیں، لکھے گا، لکھیں گے وغیرہ

1۔ درست لفظ لگاتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔

کھانا ، جانا ، ملانا ، اُٹھنا



i. صبح جلدی ____________ اچھی عادت ہے۔

ii. احمد نے کہا: "ملنا ____________ تو چلتا رہے گا۔"

iii. علی ____________ کھانے کے بعد کھیلے گا۔

iv. ہمیں وقت پر سکول ____________ چاہیے۔

2۔ ہر مصدر درست فعل سے ملائیے۔

| مصدر | | فعل |
|---|---|---|
| لکھنا | | سنا رہی تھیں۔ |
| سنانا | | دوڑ رہی ہیں۔ |
| عزت کرنا | | لکھ رہے ہوں گے۔ |
| پڑھنا | | عزت کرتا ہوں۔ |
| دوڑنا | | نظم پڑھیں گی۔ |

LIVEWORKSHEETS